تعارف و تبصرہ

اشرف المناسک مناسک حج

مصنفہ مولانا الحاج محمد اشرف علی قریشی ، ایڈیٹر ماہنامہ صدائے اسلام ، پشاور۔

حجم ۲٦۹ صفحات،   مجلد قیمت چار روپے۔

حج بیت اللہ دین اسلام کا پانچواں رکن ہے۔ اس عبادت میں صبر، شکر، عشق و محبت، للہیت اور اتباع رسول کی بڑی اچھی تربیت ہوتی ہے۔ حج بیت اللہ کے فرائض، سنن اور نوافل پر اتنی کتابیں مختلف زبانوں میں لکھی جا چکی ہیں کہ ان کا شمار بھی ممکن نہیں ہے۔

مولانا محمد اشرف علی کی زیر تبصرہ کتاب اردو میں شاید جدید ترین کتاب ہے جو دو تین ماہ قبل شایع ہوئی ہے۔ اس میں حج سے متعلق تمام ضروری امور تفصیل کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں ۔ دعائیں اصل عربی میں اردو ترجمہ کے ساتھ درج کی گئی ہیں ۔

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ کتاب ہر اعتبار سے مفید ثابت ہوگی، اور اس کی قیمت اتنی کم ہے کہ سب لوگ اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔